## کورنگی میں سنی تحریک کے مقامی رہنماء محمد افضل قادری کے بہیمانہ قتل پر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کا اظہار مذمت

## محمد افضل قادری کے سوگوار لواحقین اور سنی تحریک کی قیادت کی سے دلی تعزیت کا اظہار

## سازشی عناصر اپنے گھناؤنے اور مذموم مقاصد کیلئے بے گناہ شہریوں کو خاک وخون میں نہلارہے ہیں۔رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔15 نومبر 2008ء۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے کورنگی میں مسلح دہشت گردوں کے ہاتھوں سنی تحریک کے مقامی رہنماء محمد افضل قادری کی شہادت پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ سازشی عناصر اپنے گھناؤنے اور مذموم مقاصد کیلئے بے گناہ شہریوں کو خاک وخون میں نہلارہے ہیں تاکہ پرامن عوام کو مشتعل کرکے کراچی کا امن غارت کیا جاسکے۔رابطہ کمیٹی نے محمد افضل قادری کی شہادت پر ان کے سوگوار لواحقین اور سنی تحریک کی قیادت کی سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم کے کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔رابطہ کمیٹی نے گورنر سندھ ڈاکٹرعشرت العباد، وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ اور صوبائی وزیرداخلہ ڈاکٹر ذوالفقار مرزا سے مطالبہ کیا کہ محمد افضل قادری کے بہیمانہ قتل کا نوٹس لیا جائے اوراس گھناؤنی کارروائی میں ملوث دہشت گردوں کو گرفتار کرکے قرارواقعی سزادی جائے۔رابطہ کمیٹی نے افضل قادری شہید کے بلند درجات اور سوگوار لواحقین کیلئے صبر جمیل کی بھی دعا کی۔

## کل بروز اتوار کو نارتھ ناظم آباد ریذیڈنٹس کمیٹی کے تحت اجتماع ہوگا

## اجتماع سے الطاف حسین ٹیلی فونک خطاب کریں گے

لندن۔۔۔15،نومبر 2008ء۔۔۔نارتھ ناظم آباد ریذیڈنٹس کمیٹی کے زیراہتمام کل بروز اتوار کو بلاک جی میں واقع جیم خانہ میں علاقے کے عمائدین کا اجتماع منعقد کیا جائے گا جس سے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین ٹیلی فونک خطاب کریں گے۔اجتماع میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان کے علاوہ حق پرست منتخب نمائندگان علاقے میں مقیم تاجر،صنعتکار،ٹیکنوکریٹس ،طلباء، ڈاکٹرز، انجینئرز، وکلاء اور زندگی کے دیگر شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد شرکت کریں گے۔

## محمد رشید اور محمد منیر کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔ ۔15 نومبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کورنگی سیکٹر یونٹ 70 کے بزرگ کارکن محمد رشید ولد عبدالوحید اور ایم کیوایم رنچھوڑ لائن سیکٹر یونٹ UC3 کے کارکن محمد منیر ولد عبدالغنی کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحومین کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہ دکھ کی اس گھڑی میں مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## ایم کیوایم کے کارکنان کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔15 نومبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کورنگی سیکٹر یونٹ 70 کے بزرگ کارکن محمد رشید ولد عبدالواحید، ایم کیوایم رنچھوڑ لائن سیکٹر یونٹ UC3 کے کارکن محمد منیر ولد عبدالغنی اور ایم کیوایم سانگھڑ زون یونٹ 3/B ٹنڈوآدم کے کارکن محمد فہیم کے والد محمد عظیم کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## سٹی ناظم کراچی سید مصطفیٰ کمال کو دنیا کے تین بہترین میئرز میں

## شامل کرنے پر ایم کیوایم آسٹریلیا کی مبارکباد

کراچی۔۔15 نومبر 2008ء۔۔۔ایم کیوایم آسٹریلیا یونٹ کے آرگنائزافروز شاہین اور آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان نے سٹی ناظم کراچی سید مصطفیٰ کمال کو دنیا کے تین

بہترین میئرز میں شامل کرنے پر ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین ،کارکنان اور تمام حق پرست عوام کو دلی مبارکباد پیش کی ہے ۔ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ سید مصطفیٰ کمال کو ملنے والا اعزاز ہر محبّ وطن پاکستانی کیلئے فخر کا باعث ہے اوراس بات کا ثبوت ہے کہ پاکستان کی عزت ووقاراورترقی وخوشحالی کیلئے غریب ومتوسط طبقہ کی قیادت ناگزیر ہے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کی یہ کامیابی حق شہداء کی لازوال قربانیوں کا صلہ اورحق وصداقت کی فتح ہے۔انہوں نے کہا کہ سٹی ناظم کراچی سید مصطفیٰ کمال نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی تعلیمات کے مطابق شہریوں کی بلاامتیاز رنگ ونسل اورزبان عملی خدمت کی ہے جسے آج دنیا بھر میں سراہا جارہا ہے۔

☆☆☆☆☆